خالد پبلک ہائی سکول ہارون آباد
تقریر برائے جماعت ششم

سیرت النبی ﷺ

ہوتی ہے آپؐ کی آمد پہ نور کی بارش
بکھر گئے ہیں جدھر دیکھئے اُجالے سے

محترم استاد محترم!
السلام علیکم
آج میں "سیرت النبی ﷺ" کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرتِ طیبہ ہر مسلمان کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ آپؐ کی زندگی کے ہر پہلو میں ہمارے لیے رہنمائی ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادات واطوار اور سیرت مبارکہ ایک مثالی صورت ہے۔
جناب صدر!
دنیا میں بے شمار مصلح، رہنما، اور ہادی گزرے ہیں، لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی سب سے اعلیٰ اور برتر ہے۔ آپؐ نے مختصر وقت میں دنیا سے جہالت کے اندھیروں کو مٹا کر علم وہدایت کا اجالا پھیلا دیا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات اللہ کی طرف سے ہیں، جو ہر زمانے اور ہر دور کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔
محترم سامعین!
معاشرے میں دیکھا جا رہا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعض حسین تعلیمات کو چھوڑ دیا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے معاشرے میں بے دینی، بدکرداری، اور معاشرتی بگاڑ پیدا ہو رہا ہے۔ نبی جو کہ بنی نوع انسان کے محسنِ اعظم ہیں، جنھوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسانیت کو عظیم پیغام پہنچایا، وہ دین اسلام ہے۔ آپؐ دعوتِ توحید کے نقیب اور امن کے علمبردار تھے۔ آپؐ نے مساوات، اخوت، محبت اور بھائی چارے کا درس دیا۔

وہ دو جہاں کے لیے ہیں رحمت
وہ بن کے خیر الانام آئے

آپؐ نے بتا دیا کہ انسانیت کی معراج کس چیز میں ہے۔ آپؐ نے جہالت کو علم سے، نفرت کو محبت سے، شرک کو توحید سے، تفرقے کو اتحاد سے، جنگ کو امن سے بدل دیا۔ آپؐ نے ظلم کو عدل سے، بخل کو سخاوت سے، اور نفرت کو ہمدردی سے بدل دیا۔
صدرِ عالی وقار!
ہمارے معاشرے میں اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرتِ طیبہ پر عمل کیا جائے تو یقیناً دنیا و آخرت کی کامیابیاں نصیب ہو سکتی ہیں۔ آپؐ کی سیرت ہمارے لیے بہترین اخلاقی صفات کی تربیت دیتی ہے۔ آپؐ کی زندگی کے ہر پہلو پر روشنی ڈالی جائے تو ہمیں اپنی زندگی کو سنوارنے کا موقع ملتا ہے۔ آپؐ کی سیرت میں انسانوں کے لیے مکمل اور جامع دستورِ حیات موجود ہے۔ یہ ایک ایسا دستور ہے جو ہر دور کے لیے تازہ اور کامل منشور ہے۔

صدق وصفا کا پیکر پر نور آ گیا
لے کر حیات تازہ کا منشور آ گیا